
## پاکستان کوترقی وخوشحالی سے ہمکنار کرنے کیلئے

# سیاحت کی ترقی ناگزیر ہے



### ٹورازم انڈسٹری کی مایہ ناز شخصیت جناب اقبال والجی

### کا خصوصی پیغام

پاکستان کوترقی وخوشحالی سے ہمکنار کرنے کیلئے سیاحت کا شعبہ بنیادی کردار ادا کرسکتا ہیں اس سلسلے میں یہ بات ذہین نشین کر لینی چاہیے کہ اللہ پاک نے ہمیں ایسی خوبصورت سرزمین عطا فرمائی ہیں کہ جس کا چپہ چپہ قدرتی حسن سے مالا مال ہیں اور قدرت نے اس سرزمین کو اپنی لازوال نعمتوں سے نواز رکھا ہے ہے اس سرزمین پرہمیں خوبصورت وادیاں گلیشیر حسین وجمیل مقامات دریاؤں جھیلوں ریگستانوں پہاڑوں‘ جنگلات‘ اورک اور بیش و بہار وسائل سے نوازا ہے چاہے وہ آثار قدیمہ والے شہر ٹیکسلا کے کھنڈرات‘ موئن جو ڈارو انڈس ویلی سیولائزیشن یا مردان کے تخت بائی کھنڈرات‘ بلند و بالا پہاڑوں کی بات ہورہی تو کے ٹو اور نانگا پربت سرفہرسٹ ہیں جبکہ جھیلوں کی بات ہورہی ہوتو سیف الملوک جھیل‘ بنجوسہ جھیل‘ کرمبر جھیل‘ سد پارہ جھیل اور رانی گلی جھیل شامل ہیں جبکہ وادیوں میں پاکستان مالا مال ہیں اور ان میں وادی سوات وادی، وادی نیلم اپنی مثال آپ ہیں مزید برآں مینار پاکستان مزار قائداعظمؒ بادشاہی مسجد قلعہ لاہور ہرن مینار وغیرہ شامل ہیں غرضیکہ پاکستان قدرتی حسن سے مالا مال ہے اور ہمیں چاہیے کہ ہم نیک نیتی کے ساتھ اپنے پیارے پیارے وطن پاکستان کو ترقی و خوشحالی سے ہمکنار کرنے کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں اس ضمن میں جہاں تک سرکاری اداروں کی کارکردگی کا تعلق ہے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ آج ملک میں سیاحت ترقی کی بجائے جس تیزی کے تباہی کی جانب بڑھ رہی ہے یہ ان کی حسن کاردگی کی بدولت ہے اس لئے مناسب ہوگا کہ جتنی جلدی ممکن ہو سکے ملک سیاحت کی ترقی کیلئے ایک خودمختار اتھارٹی بنادی جائے اور اس نظم ونسق نجی شعبے کے سپرد کردیا جائے جبکہ سرکاری اداروں کی بااختیار شخصیات کو بھی اس میں شامل کیا جائے تو امید کی جاسکتی ہے کہ ملک میں سیاحت حقیقی معنوں